40698 ـ پيٹ ميں غلطي سےپاني کا دخول

سوال

وضوء کرتےوقت ناک ميں پاني چڑھانےسے اگر غلطي کي بنا پر پيٹ ميں پاني چلا جائے تو کيا روزہ باطل ہوجاتا ہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

حيض اور نفاس کےعلاوہ روزہ توڑنے والي باقي سب اشياء سے ميں جب تك تين شرطيں نہ پائي جائيں روزہ فاسد نہيں ہوتا وہ تين شرطيں مندرجہ ذيل ہيں :

اول: انسان کوعلم ہو جاہل نہ ہو.

دوم: بھول کرنہ ہو بلکہ ياد ہو.

سوم: وہ بااختيار ہو اسے مجبور نہ کيا گيا ہو .

شيخ ابن عثيمين رحمہ اللہ تعالي کہتےہيں :

اگر روزے دار نے ان روزہ توڑنےوالي اشياء ميں سے کسي ايك کا بھي بغير ارادہ واختيار ارتکاب کرليا تواس کا روزہ صحيح ہے، اگراس نےکلي کي اور بغير ارادہ کے پيٹ ميں پاني چلا گيا تواس کا روزہ صحيح ہے .

ديکھيں: مجموع الفتاوي (19)

شيخ رحمہ اللہ تعالي کا يہ بھي کہنا ہےکہ:

اگرروزے دار کےپيٹ ميں غبار اڑ کر چلي جائے يا اس کےاختيارکےبغير کوئي چيز اس کے اندر چلي جائے يا کلي يا ناک ميں پاني چڑھايا توپاني اس کےاختيار کےبغير اس کے پيٹ ميں چلا گيا تواس کا روزہ صحيح ہے اور اس پر کوئي قضاء نہيں ہوگي .

مجالس شھر رمضان مجلس نمبر (15)

جوكچھ اوپر بيان ہوا اس كي بنا پر جب انسان كےاختيار كےبغير اس كے پيٹ ميں پاني چلا جائے تواس پر كچھ لازم نہيں آتا كيونكہ اللہ تعالي كا فرمان ہے:

اور تم پر اس ميں كوئي گناہ نہيں جوتم غلطي كرلو ليكن گناہ اس ميں ہے جو تمہارے دل جان بوجھ كركريں

يہ جاننا ضروري ہے كہ روزہ دار كو ناك ميں پاني چڑھانے ميں مبالغہ كرنے سے منع كيا گيا ہے تاكہ اس كےاختيار كےبغير پاني پيٹ ميں نہ چلا جائے اس كي دليل نبي صلي اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے:

(ناك ميں پاني چڑھانے ميں مبالغہ كرو ليكن روزہ كي حالت ميں نہيں)

مزيد تفصيل كےليے سوال نمبر (38023) كا جواب بھي ديكھيں.

واللہ اعلم .